سوال

(19)کیا ہر مسلمان کے لئے کسی امام ی تقلید ضروری ہے

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا ہر مسلمان کے لئے کسی امام ی تقلید خسوصا امام ابو حنیفہ ہی کی تقلید ضروری ہے اگر کوئی شخص کسی امام کی اقتداء نہ کرے تو کیا اس کی نجات ہو جائے گی۔ بعض کہتے ہیں کہ آیت قرآن۔۔۔

سے امام کی اطاعت ثابت ہو رہی ہے۔ کیا یہ صحیح ہے۔ اور امام سے مراد آئمہ اربعہ میں سے کوئی امام ہی ہے۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

کسی امام کی تقلید نہ فرض ہے نہ واجب نجات کے لئے تقلید شرط نہیں بلکہ توحید وسنت کی اتباع شرط ہے۔ قرآن کریم نے آئمہ اربعہ میں سے کسی امام کی تقلید کا نہ حکم دیا ہے۔ نہ اشارہ کیا ہے۔ بلکہ ہر امت کا امام اس کے نبیؑ کو قرار دیا ہے۔ ہمارے امام محمد رسول اللہ ﷺ ہیں جو تمام نبیوں کے بھی امام ہیں۔ (اہل حدیث سوہدرہ جلد نمبر 1 ش 17)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

[فتاویٰ علمائے حدیث]

جلد 11 ص 105

محدث فتویٰ